**14-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. شگفتہ یاسمین

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے اٹلی کے Apulia میں G-7 آؤٹ ریچ سربراہ کانفرنس میں شرکت کی۔ مصنوعی ذہانت اور توانائی اصل توجہ کا مرکز رہیں گے۔

☆ وزیراعظم نے، فرانس اور یوکرین کے صدر نیز برطانیہ کے وزیراعظم سمیت عالمی لیڈروں کے ساتھ باہمی بات چیت بھی کی۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے جموں و کشمیر میں سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔

☆ خبر ہے کہ سکم میں تودے کھسکنے کے واقعے میں پھنسے ہوئے ایک ہزار دو سو سے زیادہ سیاح محفوظ ہیں۔

☆ اور کھیل کود میں، یورو کپ فٹبال ٹورنامنٹ کا آغاز آج رات ہورہا ہے۔ پہلا مقابلہ، جرمنی اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان ہوگا۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**PM G-7 SUMMIT**

وزیراعظم نریندر مودی، اٹلی کے Apulia میں G-7 آؤٹ ریچ سربراہ کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔

سربراہ کانفرنس کے مقام پر اٹلی کی وزیراعظم Giorgia Meloni نے اُن کا استقبال کیا۔ جناب مودی نے آؤٹ ریچ اجلاس میں پوپ فرانسس سے بھی ملاقات کی۔ بھارت کو ایک آؤٹ ریچ ملک کے طور پر مدعو کیا گیا ہے۔ آؤٹ ریچ اجلاس میں تبادلۂ خیال کے دوران مصنوعی ذہانت، توانائی، افریقہ اور بحیرہ روم پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اپنے افتتاحی کلمات میں، اٹلی کی وزیراعظم نے کہا کہ وہ G-7 اور اٹلی کی صدارت کی طرف سے ایک واضح پیغام بھیجنا چاہتے ہیں کہ وہ اس بیانیے کو کبھی تسلیم نہیں کریں گے، جو مغرب کو باقی دنیا کے خلاف چاہتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ عالمی چیلنجوں کا اُسی وقت سامنا کیا جاسکتا ہے، اگر ملک احترام کے ساتھ تعاون کرنے کے قابل ہوں اور ایک دوسرے کے تئیں یکساں رسائی کا اظہار کریں۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ آؤٹ ریچ اجلاس ان چیلنجوں کے لیے وقف ہے جو بہت زیادہ ضروری ہیں۔ جن میں مصنوعی ذہانت، توانائی، افریقہ اور بحیرہ روم شامل ہیں۔

S/B - 2100 - Giorgia Meloni

## PM BILATERIALS

وزیراعظم نریندر مودی نے، اٹلی کے Apulia میں، G-7 سربراہ کانفرنس کے موقع پر، بہت سی باہمی میٹنگیں کیں۔ جناب مودی نے آج تیسرے پہر فرانس کے صدر Emmanuel Macron سے ملاقات کی۔ دونوں لیڈروں نے، دفاع، نیوکلیائی، خلاء، کنکٹیویٹی اور ثقافت کے شعبوں میں شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے ''میک اِن انڈیا'' پر مزید توجہ کے ساتھ جامع دفاعی تعاون کو مزید بڑھانے سے بھی اتفاق کیا۔ وزیراعظم نے G-7 سربراہ کانفرنس کے موقع پر برطانیہ کے اپنے ہم منصب رِسی سونک سے بھی ملاقات کی۔

سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب مودی نے بھارت-برطانیہ جامع مربوط شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے کہا کہ سیمی کنڈکٹر، ٹکنالوجی اور تجارت میں تعلقات کو گہرا کرنے کے وسیع مواقع ہیں۔ جناب مودی نے، سربراہ کانفرنس کے موقع پر یوکرین کے صدر ویلادمیر زیلنسکی سے بھی ملاقات کی۔ دونوں لیڈروں نے، باہمی تعلقات کا جائزہ لیا اور یوکرین میں صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے سوئز لینڈ کے میزبانی میں امن سے متعلق ہونے والی سربراہ کانفرنس سے متعلق بھی تبادلۂ خیال کیا۔

سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں، وزیراعظم نے اعادہ کیا کہ بھارت انسان مرکوز رسائی میں یقین رکھتا ہے اور اِس بات پر اعتقاد رکھتا ہے کہ مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے ہی امن حاصل کیا جاسکتا ہے۔×

## SHAH J&K

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں وزارتِ داخلہ کے سینئر اہلکاروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں جموں وکشمیر میں سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ جناب شاہ نے جموں وکشمیر میں سلامتی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے ، اس ماہ کی 16 تاریخ کو نارتھ بلاک میں ایک میٹنگ منعقد کرنے کی ہدایت کی۔ جموں وکشمیر کے لیفٹننٹ گورنر ، قومی سلامتی کے مشیر ، مرکزی داخلہ سکریٹری ، فوج ، پولیس ، جموں وکشمیر کی انتظامیہ اور وزارتِ داخلہ کے سینئر اہلکار اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ x

## AP NAIDU

آندھرا پردیش میں، نو حلف شدہ وزراء کو قلمدان سونپ دیئے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے، اپنے پاس عام انتظامیہ، امن و قانون، سرکاری کمپنیوں کے قلمدان رکھے ہیں۔ دوسری جانب جن سینا پارٹی کے سربراہ کے پون کلیان کو نائب وزیراعلیٰ بنایا گیا ہے اور انہیں پنچایت راج، دیہی ترقی اور شہری آبی فراہمی، ماحولیات اور جنگلات نیز سائنس اور ٹکنالوجی کے محکمے سونپے گئے ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر ستیہ کمار یادو کو صحت، خاندانی بہبود اور طبی تعلیم کا محکمہ دیا گیا ہے۔×

## UP 13 MLC OATH

اترپردیش میں قانون ساز کونسل کے، 13 نومنتخب اراکین نے، آج تیسرے پہر عہدے اور رازداری کا حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب سکریٹریٹ کی اصل عمارت کے تلک ہال میں منعقد ہوئی۔ تمام 13 نومنتخب اراکین قانون ساز اسمبلیوں کو، قانون ساز کونسل کے چیئرمین کنور منوندر پرتاپ سنگھ نے حلف دلایا۔×

## NADDA HEALTH

وزیرصحت جے پی نڈا نے آج نئی دلی میں اپنی وزارت کے سینئر حکام کے ساتھ، نئی حکومت کی تشکیل کے پہلے سو دنوں میں منتخب صحت کے اہداف کو حاصل کرنے سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ وزارت کی کارگزاری کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر موصوف نے ہدایت دی کہ صحت سہولیات اور صحت نظاموں کے معیار پر توجہ مرکوز کی جانی چاہیے۔ انہوں نے پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا، PMJAY کے تحت صحت بیمے کے کوریج کی توسیع کرنے نیز ٹیکہ کاری اور صحت سے متعلق ہنگامی طور پر جوابدہی کے انتظام کو مربوط کرنے پر زور دیا۔

جناب نڈا نے غیرچھوت چھات والی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے واقعات، صحت مند غذا اور طرز زندگی سے متعلق بیداری کی اہمیت پر اظہار تشویش کیا۔

وزیرِ صحت نے تمباکو نوشی پر کنٹرول کرنے کی غرض سے نوجوانوں کے لیے منتخب مہمات کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے غیرچھوت چھات والی بیماریوں اور تمباکو کے مضر اثرات سے متعلق آگاہی پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔×

## INDIA IORA

دو روزہ بھارت - IORA کروز سیاحتی کانفرنس آج نئی دلی میں اختتام پذیر ہوگئی۔ Indian Ocean Rim Association ، IORA کے رکن ممالک سے حکام اور ماہرین نے کانفرنس میں شرکت کی۔ اِن ممالک میں بنگلہ دیش، کینیا، مڈغاسکر، مالدیپ، موزیمبق، سری لنکا، جنوبی افریقہ، سیشلز، اور تنزانیہ شامل ہیں۔
وزارت خارجہ نے کہا کہ اِس کانفرنس نے متعلقہ فریقین کو IORA ممبر ممالک میں کروز سیاحت کے شعبے کو فروغ دینے اور مستحکم کرنے کے تیئں بہترین عوامل اور پالیسی اقدامات شراکت کرنے کے لیے، ایک پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔×

## SC NEET

سپریم کورٹ نے اَنڈر گریجویٹ میڈیکل کورسز میں داخلوں کے امتحان ، NEET-2024 کا سوال نامہ لیک ہونے اور دیگر بے ضابطگیوں کی، CBI سے تحقیقات کرانے کی درخواست پر، مرکز اور امتحانات کرانے والی قومی ایجنسی NTA سے، اُن کے جوابات طلب کئے ہیں۔ مفادِ عامہ کی سماعت کر رہی جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی تعطیلاتی بینچ نے تحقیقات کے مرکزی بیورو CBI اور بہار سرکار سے دو ہفتے میں جواب مانگے ہیں۔ بینچ نے کہا ہے کہ مفادِ عامہ کی اِس عرضی پر دیگر زیر التوا درخواستوں کے ساتھ 8 جولائی کو سماعت ہوگی۔
اس دوران مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج دعویٰ کیا کہ کانگریس NEET کے معاملے میں غلط معلومات پھیلا رہی ہے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ حکومت ، عدالت کے حکم کی پابند ہے اور وہ شفاف طریقے سے اپنا کام انجام دے گی ۔ دوسری جانب کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے NEET معاملے میں حکومت پر زبردست تنقید کی۔ NEET امتحان میں کھُلے بازی کا الزام لگاتے ہوئے جناب کھڑگے نے کہا کہ حکومت نے امتحان کی قومی ایجنسی ، NTA کا غلط استعمال کیا ہے اور نمبرات اور رینک کے معاملے میں زبردست دھاندلی ہوئی ہے۔ اپنے ٹوئیٹ میں جناب کھڑگے نے حکومت کے اقدامات پر سوال اٹھائے اور کہا کہ حکومت نے 24 لاکھ نوجوانوں کی خواہشات کو کچل دیا ہے۔ ×

## UGC REFUND POLICY

اعلیٰ تعلیمی ادارے، HEIs کو سبھی طرح کے منسوخی یا مائیگریشن کی پوری فیس کو اس سال 30 ستمبر تک واپس کرنی ہوگی۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے، تعلیمی سال 25-2024 کی نئی ریفنڈ پالیسی کے تحت یہ اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ، داخلہ کو منسوخ کرنے یا دستبرداری کی صورت میں فیس کو واپس نہ کرنے سے متعلق، طالب علموں اور والدین کی جانب سے دائر کردہ ایک عرضداشت کی وجہ سے کیا گیا ہے۔ اس پالیسی کا اطلاق، مرکز یا ریاستی قانون کے تحت داخلے کی کونسلنگ میں ملوث تمام HEIs، یو جی سی - تسلیم شدہ ادارے، ڈیمڈ یونیورسٹیوں اور تنظیموں پر ہوگا۔×

## LUCKNOW AYODHYA SECURITY

اتر پردیش کے ایودھیا شہر میں شری رام جنم بھومی علاقے کے اطراف میں، ایک دہشت گرد تنظیم کے ذریعے دھمکی کے بعد، تحفظاتی اقدامات کو سخت کر دیا گیا ہے۔ ایودھیا کے SSP راج کَرَن نیّر آج ایودھیا کے مہارشی والمیکی ہوائی اڈہ پہنچے اور حفاظتی بندوبست کا جائزہ لیا۔ حالانکہ انہوں نے دہشت گرد تنظیم کی دھمکی سے متعلق براہ راست کوئی تبصرہ نہیں کیا لیکن ایودھیا کی سکیورٹی سے متعلق SSP راج کرن نے کہا کہ ایودھیا دھام کے تحفظاتی انتظامات کو مختلف علاقوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔

سینئر گزیٹڈ افسران کے زیر قیادت ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں مختلف زونز میں سکیورٹی عملے کو تعینات کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، مکمل علاقے کی CCTV کے ذریعے نگرانی کی جارہی ہے۔×

## SPEICAL CELL DRUG BUST

قومی راجدھانی دلّی میں خصوصی سیل نے بین الاقوامی منشیات گروہ کا پردہ فاش کرتے ہوئے 20 کروڑ روپے مالیت کی غیر قانونی منشیات ضبط کی۔ اس معاملے میں خصوصی سیل نے گروہ کے 2 اہم لوگوں کو گرفتار بھی کیا ہے۔ ایک بیان میں خصوصی سیل نے کہا کہ گرفتار کئے گئے افراد کا تعلق نائیجیریا اور آئیوری کوسٹ سے ہے ۔ دونوں اسمگلرس دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں مقیم تھے اور ملک کے مختلف حصوں میں منشیات فراہم کرتے تھے۔ خصوصی سیل نے کہا کہ اُس نے گرفتار شدہ افراد سے قریب 6 کلوگرام مقدار میں Methamphetamine برآمد کی ہے۔ پوچھ تاچھ سے یہ انکشاف ہوا کہ یہ افراد دو سال سے زیادہ عرصے سے منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث تھے۔ تفتیش میں یہ بھی انکشاف ہوا کہ دونوں افراد بھارت میں کسی سفری دستاویز کے بغیر غیرقانونی طریقے سے رہ رہے تھے۔

خصوصی سیل نے بتایا کہ دونوں افراد کو ملک میں غیرقانونی طریقے سے قیام کرنے کی بناء پر غیر ملکیوں سے متعلق قانون کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔ گروہ میں شامل دیگر افراد کی پہچان اور اُن کی گرفتاری کی کوششیں جاری ہیں۔

x

## SIKKIM RELENTLESS RAIN

سکم میں حکام نے تصدیق کی ہے کہ ریاست کے شمالی حصے Lachung میں سڑک بند ہونے کی وجہ سے پھنسے بارہ سو گھریلو اور 15 غیر ملکی سیاح محفوظ ہیں اور اُن کے پاس کھانے پینے کی ضروری اشیاء موجود ہیں ۔ اِن سیاحوں کو مقامی انتظامیہ کے تال میل کے ساتھ سڑک یا ہوائی راستے سے باہر نکالا جاسکتا ہے۔ اس دوران سکم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے گنگٹوک کے Mintokgang میں اعلیٰ سطحی میٹنگ کی اور حالیہ قدرتی آفت کا جائزہ لیا۔

اِس قدرتی آفت کی وجہ سے زبردست مالی نقصان ہوا ہے اور سڑک ، بجلی ، غذا کی فراہمی اور موبائل نیٹ ورک خدمات کی فراہمی میں رخنہ پڑا ہے۔ میٹنگ کے دوران افسران نے نقصان کی تفصیلات پیش کی اور اہم سڑکوں اور پلوں کو ہوئے نقصان کی نشاندہی کی۔ اس کے علاوہ، فوری راحتی اقدامات بشمول ہنگامی خدمات اور ضروری اشیاء کی تقسیم پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔x

## HAJ PILGRIMAGE

سالانہ پانچ روزہ مناسکِ حج کی ادائیگی آج سے شروع ہوگئی ہے اور اس کے لیے دنیا بھر سے تقریباً 20 لاکھ عازمینِ حج سعودی عرب کے شہر منیٰ میں جمع ہوچکے ہیں۔ عازمینِ حج آج رات وہیں گزاریں گے اور حج کے رکنِ اعظم وقوفِ عرفہ کے لیے کل صبح سویرے میدانِ عرفات کی طرف تلبیہ پڑھتے ہوئے روانہ ہوں گے۔

حجاجِ کرام دن کے وقت وہیں ٹھہریں گے اور عبادتِ الٰہی میں مصروف رہ کر اللہ تعالیٰ سے بخشش و مغفرت طلب کریں گے۔ بھارت سے تقریباً ایک لاکھ 75 ہزار عازمینِ حج مناسکِ حج کی ادائیگی کریں گے۔ ان میں سے ایک لاکھ 40 ہزار 20 حجاجِ کرام وہاں حج کمیٹی کے ذریعے پہنچے ہیں، جبکہ تقریباً 35 ہزار عازمینِ حج پرائیویٹ آپریٹرز کے ذریعے حج ادا کریں گے۔ 5 ہزار سے زائد بھارتی خواتین محرم یا مردوں کی سرپرستی کے بغیر فریضۂ حج ادا کریں گی۔ x

## J&K FESTIVAL

جموں و کشمیر میں آج ہزاروں کشمیری پنڈت میلہ Kheer Bhawani تہوار کے موقع پر گندھر بل ضلعے کے تُلمُلاّ میں واقع رَگنیہ دیوی کے Kheer Bhawani مندر میں جمع ہوئے ، جہاں مذہبی عقیدت کے ساتھ یہ تہوار منایا جارہا ہے ۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا کہ بدھ کے روز سے ہی ہزاروں کشمیری پنڈت عقیدت مند مشہور Kheer Bhawani مندر پہنچنا شروع ہوگئے تھے۔ اِن عقیدت مندوں کا انتظامیہ اور مقامی افراد نے گرمجوشی سے خیرمقدم کیا ۔ دریں اثناء گندھر بل ضلع انتظامیہ نے میلہ Kheer Bhawani کے انعقاد کے موقع پر عقیدت مندوں

کیلئے خاطر خواہ انتظامات کئے ہیں۔

میلے کے پُرامن انعقاد کیلئے پولیس ، مرکزی مسلح پولیس فورس اور فوج کو تعینات کیا گیا ہے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ، درشن کیلئے Kheer Bhawani مندر کا دورہ کرسکتے ہیں۔ x

## WPI MAY DATA

بھارت کا تھوک قیمتوں کے اشاریہ (WPI) پر مبنی افراط زر میں، مئی 2024 میں دو اعشاریہ چھ ایک فیصد کا اضافہ ہوا۔ یہ فروری 2023 کے بعد سے 15 مہینوں میں سب سے زیادہ شرح ہے، جو مارچ 2023 میں ایک اعشاریہ چار ایک فیصد تک گرنے سے قبل، تین اعشاریہ آٹھ-پانچ فیصد پر قائم رہا تھا۔ کامرس اور صنعت کی وزارت کے ذریعے آج جاری اعداد و شمار میں دکھایا گیا ہے کہ WPI پر مبنی افراط زر میں حالیہ اضافہ، کھانے کی اشیاء، خوراک کی مصنوعات کی تیاری، خام تیل اور قدرتی گیس، معدنی تیل اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں جیسے اہم شعبہ میں قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔

غذائی اشیاء کی قیمتوں میں، مئی میں سات اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوا، جبکہ اپریل میں یہ اضافہ پانچ اعشاریہ پانچ دو فیصد کا تھا۔ سبزیوں کی قیمتوں میں خاص طور پر تیزی کے ساتھ اضافہ سامنے آیا ہے جوکہ سال بہ سال کے بنیاد پر 32 اعشاریہ چار دو فیصد تک ہے، جو کہ گذشتہ مہینے میں 27 اعشاریہ نو-چار فیصد تھا۔×

## KUWAIT FIRE MORTAL REMAINS

کویت میں، آگ لگنے کے المناک واقعے میں ہلاک ہونے والے 45 بھارتی شہریوں کے جسد خاکی کو آج صبح بھارتی فضائیہ کی ایک خصوصی پرواز کے ذریعے بھارت واپس لایا گیا۔ یہ جہاز نئی دلی کے لیے روانہ ہونے سے قبل پہلے آج صبح کوچی میں اترا۔ آگ لگنے کے وقت اِس رہائشی سہولت میں موجود 176 بھارتی ورکروں میں سے، 45 افراد ہلاک ہو گئے اور 33 افراد کو زخمی حالت میں اسپتالوں میں داخل کیا گیا جبکہ باقی ماندہ افراد محفوظ ہیں۔

وزارت خارجہ کے مطابق اِس نے زخمی کو امداد فراہم کرنے اور تمام متاثرہ افراد کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانے کی غرض سے کویت میں حکام کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا ہے۔×

## EURO CUP 2024

یوروپین چیمپئن شپ ، جو کہ یورو کپ 2024 کے نام سے بھی جانا جاتا ہے ، اس کا آغاز آج میزبان جرمنی کے اسکاٹ لینڈ کے ساتھ مقابلے سے ہوگا۔

اٹلی دفاعی چیمپئن ہے ، جس نے 2021 کے یورو کپ کے گذشتہ ایڈیشن میں انگلینڈ کو شکست دی تھی۔

کووڈ - 19 کی وباء کی وجہ سے ایک سال کی تاخیر کے بعد یہ مقابلہ ہوا تھا۔

24 ٹیموں کو 6 گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر گروپ میں 6 ٹیمیں ہیں۔

میزبان ملک جرمنی گروپ اے میں ہے ، جبکہ دفاعی چیمپئن اٹلی گروپ بی میں ہے اور اسے Group of Death سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

Cristiano Ronaldo کا ملک پرتگال گروپ ایف میں ہے اور اسی گروپ میں ترکی ، جارجیا اور سابقہ چیک ریپبلک ، جسے اب Czechia کہا جاتا ہے ، بھی شامل ہیں۔ x

## T-20 WORLD CUP CRICKET

مردوں کے T-20 آئی سی سی عالمی کپ کے گروپ سی میں افغانستان نے Papua New Guinea کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ یہ میچ آج صبح Trinidad کے برائن لارا اسٹیڈیم میں کھیلا گیا تھا۔

افغانستان نے 15 اوور ، ایک گیند میں 3 وکٹ کے نقصان پر 101 رَن بناکر 96 رَن کے ہدف کو حاصل کرلیا۔

اس جیت کے ساتھ ہی افغانستان نے میزبان ویسٹ انڈیز کے ساتھ گروپ سی کے سُپر آٹھ میں جگہ بنا لی ہے ، جبکہ نیوزی لینڈ Papua New Guinea اور یوگانڈا اگلے راؤنڈ میں جگہ بنانے میں ناکام رہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆